Posted On Kitab Nagri




کتاب نگری

www.kitabnagri.com

# Posted On Kitab Nagri


اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی وٹس اپ کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

# معاف

## کائنات فاطمہ

Sir may I come in......?ارسلان نے آفیس کے دروازے کو اندر کی طرف دھکیلتے ہوئے سوال کیا.جی جی ضرور بوس نے فوراًاجازت دے دی سر مجھے ایک دن کی یعنی آج کی چھٹی چاہیے تھی وجہ بوس نے اپنی دائیں طرف کے آبرو کو تھوڑا اوپر کی طرف اچکاتے ہوئے پوچھا سر تھوڑی امرجنسی تھی ارسلان نے سر کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر جواب دیا تھوڑی امرجنسی کیا ہوتی ہے مسٹر بوس کو ارسلان کا یوں

جواب دینا اچھا نہیں لگا تھا سوری سر ایم ریلی سوری لیکن مجھے ضروری جانا ہے ارسلان نے خوشامد کو ہی بہتر راستہ سمجھا نہیں، نہیں مل سکتی بوس نے فوراًرد کر دیا

اور اگر میں چلا جاؤں تو۔۔۔۔۔؟ارسلان اب مزید اچھے طریقے سے بات نہیں کر سکتا تھا

تو سپل واپس مت آنا

now get out Mr۔ارسلان فلحال صرف ماہین سے بات کرنا چاہتا تھا اس وجہ سے خاموشی سے آفیس سے باہر آگیا

Posted On Kitab Nagri

کیا ہم آج مل سکتے ہیں پلیز ماہین بس ایک بار۔۔۔۔۔۔؟ ماہین ابھی یونیورسٹی کے دروازے پر ہی کھڑی تھی جب اسکے موبائل کی سکرین روشن ہوئی بلکل بھی نہیں ماہین نے سختی سے انکار کرنا مناسب سمجھا

پلیز ماہین اتنی سنگدلی اچھی نہیں ہوتی ارسلان نے فوراً رپلائی دیا

اوکے! میری یونیورسٹی کے سامنے ایک کیفے ہے وہاں آجاؤ آپ ماہین نے اپنا فون بند کرکے پکڑا اور دروازے سے ہی باہر نکل گئی

تیرا دماغ ٹھیک ہے۔۔۔۔؟ بوس نے سختی سے منع کر دیا ہے پھر کیوں جارھا ہے۔۔۔۔؟

نوید نے ارسلان کو روکتے ہوئے کہا وہ زیادہ ضروری ہے ارسلان نے مختصر جواب دیا آپ جو یہاں پر جوب کرتے ہیں نہ اسے آپکے گھر کا چولہا جلتا ہے اور جو ہے نہ ماہین نامامہ وہ آپ آفیس کے بعد بھی جاری رکھ سکتے ہیں اگر وہ یا میں دونوں میں سے کوئی ایک بھی شریف گھر سے نہ ھوتا تو ہم شام کو ہی ملتے ارسلان آج کسی صورت بھی رک نہیں رہا تھا ارسلان سوچ لوں وہ تمہیں ایک بار رد کرچکی ہیں اور جو ایک بار رد کرچکی ہے وہ دوبارہ بھی یہی کرے گی نوید نے ارسلان کو سمجھانے کی کوشش کی

نوید تمہیں پتہ ہے کہ تم کون ہو۔۔۔۔۔۔۔؟ ارسلان نے نوید کو چھڑنے والے انداز میں دیکھا

نہیں نہیں پتا کون ہو تم بتادو۔۔۔۔۔۔! نوید نے اپنے بازو سینے پر باندھ لیے

اور ارسلان کو غصے سے گھورا جناب محترم نوید صاحب! آپ اس وقت نہ صرف شدید منحوس لگ رہے ہے بلکہ پھیلا بھی رہے ہے ارسلان نے بھی اپنے بازو سینے پر جوڑتے ہوئے نوید کو جواب دیا

Posted On Kitab Nagri

مرضی ہے پھر تمھاری نوید نے دونوں ہاتھوں کو ہوا میں چھوڑتے ہوئے بولا بہت شکریہ آپ کا ارسلان نے بھی ہاتھوں کو نیچے کرتے ہوئے بولا لیکن ارسلان صاحب جسے آپ ہیر سمجھ کر جا رہے ہیں نہ وہ صاحبہ ہے نوید نے معصوم سا منہ بنا کر بولا نہیں نوید نہ وہ ہیر ہے اور نہ ہی صاحبہ ہے وہ بہت خاص ہے وہ محبت میں تماشا کرنے والوں میں سے نہیں ہے وہ ماہین ہے اور جلد انشاللہ وہ ماہین ارسلان بن جائے گی ارسلان نے نوید کو دیکھتے ہوئے بولا ہو سکتا ہے کہ تم جیسا اسے سوچ رہے ہو وہ ویسی نہ ہو نوید اب کی بار سنجیدہ تھا میں نے جب اسے پہلی بار دیکھا تھا تو وہ بہت ڈرپوک تھی اور اب وہ ڈرنا بھول گئی ہے۔پتا ہے انسان ٹوٹتا ہے تو بدلتا ہے وہ اچھی ہے یا بری مگر اہم بس اسکا ٹھیک ہونا ہے میرے لیے ارسلان نے نوید کو سنجیدگی سے جواب دیا اچھا تو جا میں کرلوں گا تیرے حصے کا کام نوید نے ارسلان کو بات ختم کرتے ہوئے کہا اوکے شکریہ ارسلان نے مختصر جواب دیا اچھا سن نوید نے ارسلان کو مڑتے وقت آواز دی ہاں وہ انشاللہ مان جائے گی نوید نے مسکرا کر ارسلان سے بولا انشاللہ ارسلان نے مزید کچھ نہ کہا اور آفیس سے باہر چلا گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بہت شکریہ آپ کے آنے کا ارسلان نے ماہین کے سامنے موجود کرسی پر بیٹھتے ہوئے بولا بات شروع کرتے ہیں ماہین نے اپنے ھاتھوں کو میز پر رکھتے ہوئے بولا آپ نے رشتے انکار کیوں کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟ارسلان نے سر کو نیچے کرتے ہوئے بولا میری مرضی ماہین نے سختی سے جواب دیا بس یا کچھ اور بھی پوچھنا ہے ماہین نے ارسلان کو غصے سے دیکھتے ہوئے بولا ارسلان نے ماہین کو حیرانگی سے دیکھا میں جاؤ۔۔۔۔۔۔؟ماہین نے ارسلان کو مسلسل خاموشی سے خود کو دیکھتے ہوئے دیکھا تو سوال کیا آپ کو نہیں لگتا کہ ہم بات کو اچھے طریقے سے بھی کر سکتے ہیں ارسلان نے

Posted On Kitab Nagri

ماہین کو دیکھتے ہوئے سنجیدگی سے بولا آپ کو نہیں لگتا کہ ہمیں بات ہی نہیں کرنی چاہیئے ماہین نے بھی ارسلان کو دیکھتے ہوئے جواباً بولا آپ ایسی تو نہیں تھی ماہین۔۔۔۔ارسلان نے ایک آہ بھرتے ہوئے کہا شکر ہے کہ کسی کو یہ تو پتا چلا کہ میں ایسی نہیں تھی ماہین نے ہستے ہوئے بولا اور پھر کب ہستے ہوئے آسکی آنکھوں سے آنسوں گر گئے ارسلان جو وہاں ایک دنیا اسکے لیے چھوڑ کر آیا تھا وہ اسکے گرنے والے آنسوں پر تڑپ گیا ماہین۔۔۔۔تمہیں کس نے توڑ دیا۔۔؟رسلان نے ماہین سے نرمی سے پوچھا اچھے لوگوں نے ماہین نے آنسوں صاف کرتے ہوئے بولا تو کیا تم اچھی نہیں۔۔؟ کیا محبت کرنے والی لڑکی اچھی ہوتی ہے۔۔؟ماہین کی آنکھیں سے ایک اور آنسوں چھلکا ارسلان ہلکا سا مسکرایا محبت حلال ہوتی ماہین ہے لیکن محبت کرنے والی لڑکی اچھی نہیں ہوتی ماہین نے آنکھوں سے آنسوں مزید صاف کرنا بند کر دیے تھے تو کیا تم مزید اب بھروسہ نہیں کرنا چاہتی ارسلان نے ماہین کو دیکھتے ہوئے بولا میں کسی بھی نئے رشتے کو قبول نہیں کر سکتی ماہین نے اس بار سر کو نیچے کر لیا تمہیں پتا ہے میں تم سے محبت کرتا ہوں ارسلان نے وہاں اسکے سامنے بیٹھے ہوئے اپنی محبت کا اعتراف کیا میرے لیے یہ جملہ نیا نہیں ہے ماہین نے اس بار سر کو اوپر کرتے ہوئے بولا اس بار ارسلان ہس دیا ہستے ہستے کب ارسلان کی آنکھوں سے آنسوں چھلک گئے اسے پتا ہی نہ چلا تم سنگدل ہو ماہین۔۔۔۔۔ارسلان نے اپنے آنسوں صاف کرتے ہوئے بولا ماہین کی حیرت کی انتہا تھی ارسلان آپ کو پانی دوں۔۔؟ انسان کا مسئلہ یہ ہی ہے اسے جو دینا چاہیے وہ اسکے علاوہ سب دیتا ہے اس بار ارسلان نے تنز کیا

Posted On Kitab Nagri

جو میں آپ کو دے سکتی ہوں بس اسکا ہی پوچھا ماہین نے بات ختم کرنا چاہی تم وہ کر رہی ہوں جو تمہارے ساتھ ہوا تم سے تمہاری محبت چھن گئی تو تم اب مجھ سے میری چھنوں گئی ارسلان اس بار شدید تھکا ہوا محسوس ہوا تھا ایسا نہیں ہے ارسلان۔۔۔ ماہین نے آپنا دفاع کرنا چاہا ماہین دیکھو تم مجھے ایک بار بتاؤ وہ کون ہے۔۔۔؟ تمہیں تمہاری محبت وعدہ مل جائے گی وہ ایک بار پھر ماہین کو غصہ دلا گیا آپ کی محبت میں غیرت نہیں ہے۔۔۔؟ غیرت ہے تبھی تم سے تمہاری خوشی مانگ رہا ہوں میں نے بس بتایا ہے کہ میں تم سے محبت کرتا ہوں مگر تم سے تمہاری محبت مانگی تو نہیں ارسلان اس بار بھی سنجیدہ تھا

آپ کو نہیں لگتا کہ میری زندگی میرا ذاتی مسئلہ ہے۔۔۔۔۔۔؟ ماہین نے اس بار تنز کیا! آپ مجھے شرمندہ کرنے کی کوشش تو دل سے کر رہی ہے لیکن میں بندہ خاصا ذدی ہو ارسلان نے ماحول کو خشگوار بنانے کے لیے ایسے بولا دیکھو ماہین جو ہوتا اچھا ہی ہوتا ہے سب اللہ کے حوالے کر و اور آگے بڑھو ارسلان نے اس بار پھر سنجیدگی سے بولا اچھا ٹھیک کرتی ہوں پھر سے شروع تو چلے بتائے آپ اس بات کو بھول جائیں گے کہ میں ایک بار محبت کر چکی ہوں۔۔۔۔؟ آسکا جواب ہے نہیں یہ بات تو مجھے پیدا کرنے والی میری ماں نہیں بھول سکتی تو آپ کون ہو ماہین نے اس بار سر کو باہر کی طرف موڑ دیا۔ پتا ہے مسئلہ کیا ہے ماہین۔۔۔۔۔؟ آپ ک زخم ابھی بھرے نہیں اس وجہ سے آپ ان زخموں کی سزا مجھے نہ حق دے رہی ہے ماہین نے تھک کر کرسی کے ساتھ ٹیک لگالی جیسا آپ کو سمجھنا ہے آپ سمجھ سکتے ہیں ارسلان نے ماہین کو بنا کسی تاثر کے دیکھا ارسلان صاحب آپ کو پتا ہے زمانہ اب جدید ہو گیا ہے پہلے لڑکی کو ایک جھٹکے میں مار دیا جاتا تھا اور اب ایک ایک خواہش

Posted On Kitab Nagri

کو مار کر مارا جاتا ہے ماہین نے ایک بار پھر اپنے ہاتھ میز پر رکھ دیے وقت آگے ضرور بڑھا ہے مگر لوگ آج بھی وہاں ہی کھڑے ہیں پتا ہے آج کے اور سالوں پہلے آنے والے لوگوں میں کیا فرق ہے۔۔۔۔؟ ماہین نے ارسلان کو سوالیہ نظروں سے دیکھا ارسلان بس ماہین کو سنا چاہتا تھا تو خاموش رہا آج کے لوگ منافق ہے جو گھر میں کرتے ہیں باہر آسکا الٹ کرتے ہیں پہلے لوگ غلطی پر پردا ڈالتے تھے اب خود پر ڈالتے ہیں۔ماہین کافی حد تک سنجیدہ تھی ارسلان پھر خاموش رہا ماہین بھی مزید کچھ نہ بولی کچھ لمحے خاموشی کی نظر ہو گئے ماہین آخر ارسلان نے بولنا شروع کیا جی ماہین نے ارسلان کو دیکھتے ہوئے جواب میں بولا آپ رولوں ارسلان نے ماہین کو ہمدردی سے دیکھا کیوں کیوں رو میں۔۔۔؟ آپ کو پتا ایک لڑکا جب کسی لڑکی سے محبت کرتا ہے تو وہ ہر ایک سے مبارکباد وصول کرتا ہے پھر اگر وہ لڑکی چھوڑ جائیں تو ہمدردی موصول کرتا ہے اور پھر وہی لڑکا اگر نشہ سگریٹ شروع کر دے تو وہ دکھی ہوتا ہے مختصر وہ صرف ایک لڑکی کا پیار کھوتا ہے اور اسکے بدلے میں ہر توجہِ، ہمدردی اور پیار پالیتا ہے اور اگر لڑکی محبت کرلے تو وہ بے حیا اگر لڑکا چھوڑ جائیں تو برے کام کا برا انجام آگر وہ غصہ ظاہر کرے تو بے شرم اور اگر پریشان دکھائی دے تو ڈراما مختصر کہ وہ صرف ایک لڑکا ہی نہیں بلکہ ہر رشتہ کھو دیتی ہے دل تو برابر ہوتے ہیں کوئی کیوں اس لڑکی کو گلے نہیں لگاتا جو سب کچھ ہار جاتی ہے۔۔۔۔؟ کیا غیرت آنکھوں کی اداسی نہیں دیکھ سکتی۔۔۔؟ کیا محبت کو کھو دینے کا درد وقت گزاری کے لیے استعمال ہونے کا درد چھوٹا ہوتا ہے۔۔۔۔؟ جو لوگ، اپنے لوگ بے رحم ہو جاتے ہیں۔۔۔۔؟ ماہین کی آنکھوں سے آنسوں چھلکتے دیکھ ارسلان نے اپنی آنکھوں کو نیچے کرلیا ارسلان آپ کو بہت اچھی لڑکی مل جائے گی آپ وقت بچائے اپنا

Posted On Kitab Nagri

ماہین نے ایک بار پھر ارسلان کو دیکھتے ہوئے بولا مجھے کوئی ایک وجہ دوں ایسا کرنے کی ارسلان نے ماہین کو دیکھے بنا بولا آپ کو پتا ہے اللہ تعالیٰ کے بعد انسان ہے خود کو سب سے زیادہ جاننے والا اور مجھے میرا پتا ہے میرے دل میں اب کسی بھی رشتے کے لیے کوئی عزت نہیں ہے میں کسی کو بھی مزید نہ سمجھنا چاہتی ہوں نہ خود کو سمجھنا چاہتی ہوں بس مجھے میرے حال پر چھوڑ دے ماہین نے درخواست کرتے ہوئے بولا ماہین میرا کیا قصور ہے۔۔۔؟ ارسلان نے سوال کیا۔ مجھے میرا قصور بھی کچھ سمجھ نہیں آیا۔ ماہین نے کہا لگاتے ہوئے بولا ماہین ارسلان پلیز ماہین نے ارسلان کو مزید بات کرنے سے روک دیا فیملی بہت ساری مختلف سوچوں کے ایک دوسرے سے جڑ جانے کا نام ہے اور مجھے آج تک کوئی سمجھ نہیں سکا تو اب کیوں کوئی معجزہ ہو گا۔۔۔؟ معجزہ نہیں ہوتا ہمارے لیے ہم مسلمان ہیں ماہین ہمارے ایمان کا حصہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر شے پر قادر ہے تو کوئی معجزہ کیوں ہو گا لوگوں سے اعتبار اٹھ جائے تو خدا کی خدائی پر شک کرتے ہوئے معجزے کا انتظار نہیں کرتے اس قادر سے مانگ لیتے ہیں جو چاہیے ہو وقت اور لوگ بدل جاتے ہیں مگر خدا وہ کبھی بھی نہیں بدلا وہ پہلے بیٹی کو سیدھا مارنے والوں کی

www.kitabnagri.com

ہدایت کے لئے نبی بھیجتا تھا اور اب ہر خواہش کو مار کر مارنے والوں کو بیٹی دے کر ہدایت دیتا ہے ہمارا مسئلہ بس یہی ہے کہ ہم خود کو لوگوں کے بدلتے رویوں کے ساتھ بدلتے ہیں اصل میں نہ ماہین لوگ کبھی نہیں بدلتے بس ان کے چہرے پر سے نقاب ہٹ جاتے ہیں بدلتے تو ہم خود ہے اب تم یہاں سے اندازہ لگاؤ کہ ہماری اوقات کیا ہے ہم تو خود کو قائم بھی نہیں رکھتے ہمارے رویوں اور فیصلوں کا دارومدار لوگوں کے رویوں کے عین مطابق ہوتا ہے ہمیں لوگ کبھی برباد نہیں کرتے ہم

Posted On Kitab Nagri

خود کو ہمیشہ برباد کرتے ہیں جس نے چھوڑ دیا چھوڑ دوں اسے وہ چاہے گھر میں ہو یا باہر بس خود کو اپنے اصل سے کسی بھی حال میں دور نہ کرو تم سے

وہ محبت ہوئی جو آسمانی فرمان ہے تمھارا دل ٹوٹا لوگوں نے تمھیں اس وجہ سے چھوڑ دیا کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کی مرضی تھی کیا ہم یہ نہیں جانتے کہ جو ہوتا ہے وہ اللہ تعالیٰ ہی کرتے ہیں تو محبت وہ آگر ہو جائے تو وہ کون کرتا ہے۔۔۔؟ ماہین نے ارسلان کو دیکھتے ہوئے معصومیت سے پوچھا ارسلان مسکرا دیا وہ سمجھ گیا تھا وہ بات کو صرف سن نہیں رہی سمجھ بھی رہی ہیں محبت کیا ہوتی ہے ماہین۔۔۔۔۔؟ ارسلان نے ماہین سے پر سکون ہوتے ہوئے سوال کیا محبت پتا نہیں! ماہین نے ارسلان کو مسلسل دیکھتے ہوئے بولا جس پر ارسلان نے ایک بار پھر کھل کر مسکرا دیا ماہین جب ہمیں کسی کے اندر کوئی بھی خامی

نظر نہ آئے تو اسے ہمیں محبت ہوتی ہے جسکی ہر بات کا مان آپ اپنی خوشی سے رکھے وہ شخص آپ کے لیے آپ کی محبت بن جاتا ہے اور جو تمہیں تھا وہ وقتی لگاؤ تھا اور ہر انسان کو ہوتا ہے اس میں خود کو ختم کرنے والی تو کوئی بات نہیں ہے آپ اپنی بہن سے بھی یہ سب کہہ سکتے ہوں۔۔۔۔۔؟ ماہین نے ارسلان کو دیکھے بغیر پوچھا نہیں بلکل بھی نہیں۔ دیکھا ماہین نے کھکہ لگاتے ہوئے کہا پتا ہے ارسلان صاحب جو محبت آپ کو میرے معاملے میں حلال لگ رہی ہے نہ وہی محبت اپنی بہن کے معاملے میں داغ لگے گی یہ ہوتی ہے مرد کی اوقات ایک مرد خود کو اپنی ضرورت کے مطابق بدل لیتا ہے ارسلان نے آنکھیں نیچے نہ کی وہ مسلسل ماہین کو دیکھے چلا جا رہا تھا میرا خیال ہے مجھے اب چلے جانا چاہیے ماہین کرسی سے اٹھ گئی ماہین نہیں اسے نہیں جاؤ بات ادھوری ہے ابھی ماہین ارسلان

Posted On Kitab Nagri

کے پاس سے ہوتے ہوئے دروازے تک آ گئی ماہین پلیز رکو میں کسی ایسے انسان کے لیے بلکل بھی نہیں روک سکتی جو کہ خود کو ایک نظریہ پر قائم نہ رکھ سکے جس کی سوچ وقت کے حساب سے بدلتی ہو ماہین ایک بار بات سن لوں میری نہیں ہٹے میرے آگے سے ماہین نے اس بار آواز کو اونچا کر دیا اور تیزی سے موڑ گی ماہین ارسلان نے ماہین کا

ہاتھ موڑتے ہوئے پکڑے لیا اور اسے مڑنے سے روک لیا ماہین نے ایک جھٹکے سے ھاتھ چھڑایا اور ارسلان کو ایک تھپڑ مار دیا خبر دار! ارسلان صاحب عورت آگر بازار میں بھی بیٹھ جائے تو مرد کا اس چھونا حرام ہوتا ہے! ارسلان ماہین کے رد عمل پر حیران رہ گیا ماہین بس تم اب چپ رہو گی ارسلان نے اس بار آواز کو اونچا کر دیا تمھارا مسئلہ پتا ہے کیا ہے۔۔۔؟ تم نے ہر انسان کو اپنی سوچ کے مطابق سمجھ لیا ہے تم ٹھیک ہو سب ٹھیک کہہ رہی ہو مگر ماہین کیا تم نظر انداز کر رہی ہو کہ ایک مرد گھر میں بیٹھی عورت کے لیے باہر خوار ہوتا ہے تا کہ اسکے گھر میں موجود عورت پر کوئی انگلی نہ اٹھائے رزق اللہ پاک کے ہاتھ میں ہے آسکا نہیں سوچتے ہم کیونکہ ہم جانتے ہیں باہر آپکو کتنی محنت کے بعد چند ہزار ملتے ہیں جو بامشکل کچھ دن ہی چلتے ہیں لیکن ماہین صاحبہ ہم کسی ایسے شخص کو کبھی بھی اپنے گھر نہیں شامل کر سکتے جو ہمارے سامنے ہی ہماری لاڈوں سے بڑھی کی گئی بہن کو شرمندہ کرے ہم جن کو ساری زندگی اپنی شہزادی کہہ کر بڑھا کرتے انکو ہم کسی ایسے کو ہی دے گے جو ان کو رانی بنا کر رکھے جو ہر خواہش پر لبیک بھلے نہ کرے لیکن اسکی کسی امید کو توڑے نہیں جو اسکو سمجھے اور ضرورت پڑنے پر بہترین طریقے سے سمجھائے بھی جو مرد ہو ایسا مرد جو اسے دل کی خوشی دے سکے ہر پسند کو اپنایا نہیں جاتا اگر کوئی دو دن میں آپکی محبت بن جائے وہ دو دن میں ہی دل سے اُتر

Posted On Kitab Nagri

جاتا ہے اور پھر زندگی بھر اس شخص کو برداشت کرنا آسان نہیں ہوتا دل کا زخم ہر زخم سے بڑھ جاتا ہے اور ماہین جو لوگ بنا سوچے صرف چاہت کو دیکھتے ہیں وہ بھی اپنی بیٹھی کو مار رہے ہوتے ہیں دنیا کی کوئی چیز کوئی ڈر اس ڈر پر حاوی نہیں ہو سکتا جو ڈر ایک باپ کو اپنی بیٹی کی خوشی کے چھن جانے کا ھوتا ھے دنیا کی کوئی دعا اس دعا کی جگہ نہیں لے سکتی جو ماں بچی کے پیدا ہوتے ہی نصیب کے لیے کرنا شروع کر دیتی ہے اور دنیا کا کوئی مرد ویسی خفاظت نہیں کر سکتا جیسے کے ایک بھائی کرتا ہے اور ہاں ماہین ماں کے بعد سب سے زیادہ فکر اور باپ کے بعد سب سے زیادہ ساتھ ایک بہن دیتی ہے تو کیوں ہم آسی بہن کو خواہش کے حوالے کر دے۔۔۔۔۔گھر کے اختلافات تب پیدا ہوتے جب ہم ضرورت وقت سے پہلے پیدا کرلے خود کو بھی تو ایک بار سوچنا چاہیے ہم بھی تو انسان ہے کہی ہم بھی تو غلط ہو سکتے ہیں مکمل نہیں لیکن کہی نہ کہی مسئلہ تو ہم میں بھی ہے تم خود ایک بار سوچو میرے بارے میں ہم ایک اچھا گھر بنائے گئے ہم وہاں اختلافات پیدا ہونے سے پہلے ہی حل کرلے گے جہاں ہم شروع میں ہی محبت کو سمجھ جائیں گے ہم اس سوال کو بہترین جواب سے حل کرے گے ہم ذہن کو خالی نہیں ہونے دے گے ہم شیطان کو کبھی بھی نہیں آنے دے گے ہمارے بھیج ایک بار ہاتھ کو تھاموں تو میں تمہیں کبھی شرمندہ نہیں کروں گا اب ہٹ جائے پیچھے ماہین نے ارسلان کو ایک بار پھر سنجیدگی سے بولا ماہین ارسلان نے اپنا روخ موڑ لیا اور ایک آہ بھرتے ہوئے کرسی پر واپس بیٹھ گیا میں تمہیں نہیں کھو سکتا میں تمہارے ساتھ جینا چاہتا ہوں ماہین میں گھر جاری ہو مما کو بتانا ہے مجھے آپ قبول ہو۔۔۔۔ارسلان نے آپنا سر اپنے ہاتھوں سے پکڑا ہوا تھا ماہین کی بات پر فوراً سیدھا ہو گیا ماہین شک نہیں ارسلان! ماہین نے ہاتھ کے اشارے سے ارسلان کو بات کرنے

Posted On Kitab Nagri

سے روکا شکریہ مجھے کرنا چاہیے آپکا اپنے مجھے تصویر کا وہ روکھ دیکھایا ہے جو میں نظر انداز کر رہی تھی میں وہ دیکھنا چاہتی تھی جو میں چاہتی ہوں مگر وہ نہیں دیکھ رہی تھی جو وہ مجھے دیکھا رہے تھے بہت شکریہ آپ کا آپ کے ذریعے میرے اللہ نے مجھے قریب کر دیا ان کے جو میرے اپنے ہے اور میں انکو چھوڑ کر جانے والے کو آپ اپنا سمجھ رہی تھی اب چلتی ہوں ماہین کہہ کر باہر نکل گئ۔۔۔۔۔

بعض فیصلے ہمیں فوراً کرنے ہوتے ہیں انجام سوچے بغیر صرف الفاظ پر یقین رکھتے ہوئے اللہ پاک کو گواہ بنا کر ماہین نے بھی ایسا ہی کیا وہ صرف مانی نہیں تھی اسنے خود کی غلطی کا اعتراف بھی کیا تھا اور اسنے نہ صرف خود کو معاف کیا بلکہ ہر اذیت دینے والے شخص کو معاف کیا۔۔۔۔وہ سمجھ گئ تھی کچھ بھی کسی کے ہاتھ میں نہیں لوگ ہمارے گناہگار تب ہوتے ہیں جب اللہ پاک انکے چہرے کے نقاب ہٹانا چاہتے ہیں ماہین واپس یونیورسٹی نہیں گئ وہ پیدل چلتے ہوئے اپنے گھر جانے لگی وہ اب وہ ہی دیکھانا چاہتی تھی جو وہ کرنا چاہتی تھی چلتے ہوئے ماہین نے آسمان کو بنا کسی تاثر کے دیکھا اوپر والے کو تاثرات کی ضرورت بھی کہا تھی شکریہ اللہ پاک میرے تھکے ہوئے وجود کو گرنے سے پہلے سہارا دینے کے لیے۔۔۔۔۔۔!

ہر الزام لیا ہے خود پر

کچھ اس طرح میں نے سب کو معاف کیا

کائنات فاطمہ

آگیا تو۔۔۔؟مانی وہ۔۔۔؟نوید نے ارسلان کو دیکھتے ہی بولا وہ خود سے ناراض تھی اب ٹھیک ہے مان گئی ہے ماہین سے ماہین ارسلان بنے کے لیے نوید نے خوشی کے وجہ سے کہکہ لگایا چل گلے لگ

Posted On Kitab Nagri

اب محبت میں اتنا عاشق نہیں تڑپتا جتنا دوست تڑپتا ہے ارسلان اور نوید ایک دوسرے کے گلے لگ گئے ماہین ارسلان ارسلان کے ہونٹوں پر مسکراہٹ آئی ارسلان نے اپنی آنکھوں کو خوشی سے بند کردیا شکریہ اللہ پاک مجھے ٹوٹنے سے بچانے کے لیے۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی وٹس اپ کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کرسکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595